
کیا آپ کوکلیئر امپلانٹ کے بارے میں سوچ رہے ہیں؟
یہ معلومات ان بالغ افراد کے لیے ہے جو سوچ رہے ہیں کہ کیا کوکلئیرامپلانٹ ان کی مدد کر سکتا ہے۔

کوکلیئر امپلانٹ کیا ہے؟
ایک، کوکلئیرامپلانٹ ایک ہیرنگ ایڈ سے محتلف ہے۔ یہ آواز کو اونچا کرنے کی بجائے، جیسے ایک روایتی ہیرنگ ایڈ کرتا ہے، امپلانٹ برقی اشاروں کے ذریعے، سمعی اعصاب (وہ اعصاب جو آواز کو کوکلیا سے دماغ تک لے کر جاتا) کو براہِ راست متحرک کرتا ہے۔

کوکلیئر امپلانٹ کے دو اہم حصے ہوتے ہیں۔
اندورنی حصہ (امپلانٹ) ۔ یہ اپریشن کے دوران کان کے پیچھے اور جلد کے نیچے پیوند کر دیا جاتا ہے اورکئی الیکٹروڈز(موصل) کوکلیا میں لگا دیئے جاتے ہیں۔ برقی اشاریں کوکلیا کے تباہ شدہ حصوں کو نظر انداز کرتے ہوئے سمعی اعصاب کو براہِ راست متحرک کرتا ہے۔

بہرونی حصہ(ساؤنڈ پروسیسر) ۔ یہ کان کے پیھچے ہیرنگ ایڈ کی طرح لگا دیا جاتا ہے۔ ٹرانسمیٹر کوئل ایک مقناطیس کے ذریعے آواز وصول کرنے والا پیوند کردہ آلے کے اوپر رکھا جاتا ہے۔



کیا کوکلیئر اِمپلانٹ میرے لئیے فائدہ مند ہو سکتا ہے؟

اگر درج ذیل باتیں آپ پر لاگو ہوتی ہیں تو یہ آپ کے لیے مناسب ہو سکتا ہے

دونوں کانوں میں شدید یا مکمل بہرہ پن ہے۔
ہئیرنگ ایڈ پہن کر بھی بات چیت سُننے میں دُشواری محسوس ہوتی ہیں،
خاص طور پر فون یا گروپ میں باتیں سُننے اور سمجھنے میں مشکلات۔

جن لوگوں کو کوکلیئر امپلانٹ ملتا ہے وہ اکثر کہتے ہیں:





- ہونٹ پڑھنے پر اتنی توجہ نہیں دینی پڑتی
- اَمنے سامنے بات چیت سمجھنے میں آسانی
- وہ آوازیں جو پہلے نہیں سُنی وہ اَب سُننے کو مل رہی ہیں

اگر میں مزید جاننا چاہوں تو کیا ہو گا؟

کوکلیئر امپلانٹ کی جانچ کے لیے ریفر ہونا اس بات کا مطلب نہیں کہ آپ کو لازمی امپلانٹ لگوانا ہوگا۔ یہ صرف یہ جاننے کا موقع ہے کہ آیا یہ آپ کے لیے صحیح ہے یا نہیں۔

1. پہلی ملاقات

کوکلئیر امپلانٹ ٹیم سے آپ کی ملاقات ہو گی۔ سماعت کے ٹیسٹ کرنے کہ علاوہ وہ آپ سے آپ کی مشکلات اور آپ کی توقعات کے بارے میں بات کریں گے۔

2. مزید ٹیسٹ

اگر پہلی ملاقات سے لگے کہ امپلانٹ مدد کر سکتا ہے تو آپ کو مزید اپائنٹمنٹ دی جائیں گی۔ ان میں شامل ہو سکتے ہیں:

- مزید سماعت کے ٹیسٹ
- اسکین (جیسے CT یا MRI)
- ماہرین سے ملاقات جیسے آڈیولوجسٹ، بحالی کے ماہرین اور سرجن

3. فیصلہ کرنا

آپ کو فیصلہ کرنے میں مدد دی جائے گی۔ کوئی جلدی نہیں ہے – آپ آرام سے سوچ سکتے ہیں۔ آپ نہ بھی کہہ سکتے ہیں اور بعد میں دوبارہ ریفرہو سکتے ہیں۔

مجھے اور کیا جاننا چاہیے؟

اَپریشن جنرل اینستھیزیا (ایسی دوا جو آپ کو سلا دیتی ہے) یا پھر لوکل اینستھیزیا (جب آپ جاگ رہےہوں) کے ساتھ کیا جائے گا، اس بارے میں آپ اپنے سرجن سے بات کریں گے۔

زیادہ تر بالغ افراد کو NHS کی طرف سے ایک اِمپلانٹ ملتا ہے، لیکن اگرکوئی بہرا اورنابینا ہیں تو ہو سکتا ہے اُن کو دہ امپلانٹ ملے۔

اَپریشن کے بعد، آپ کے مزید اَپائنٹمنٹ ہوں گے اور اِمپلانٹ کے ساتھ سننا اور سُن کرسیکھنے میں مدد دیی جائے گی۔ اِس کے لیے صبر کے ساتھ محنت اورمشق کی ضرورت ہوتی ہے۔

ہر شخص کا تجربہ مختلف ہو گا۔ یہ عام بات ہے کے شروع میں آواز عجیب، روبوٹ جیسی یا گونج دارلگ سکتی ہیں۔

وقت کے ساتھ، دماغ نئےآواز کو سمجھنا سیکھ لیتا ہے۔ بہت سے لوگ کہتے ہیں کہ مشق کے ساتھ بات چیت زیادہ صاف اور قدرتی لگنے لگتی ہے۔

شور والی جگہوں پر سُننا اب بھی مشکل ہو سکتا ہے، لیکن وقت کے ساتھ اسان ہو سکتا ہے۔

روز مرہ زندگی میں کوکلیئر اِمپلانٹ کے ساتھ

فون اور موسیقی ۔ زیادہ ترساؤنڈ پروسیسر فون، ٹی وی، سوسیقی کے ساتھ بلو ٹوتھ یا خاص اَلات کے ذریعے جڑ سکتے ہیں۔ بہت سے لوگ مشق کے ساتھ دوبارہ فون کال اور موسیقی سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔

پانی اور موسم ۔ یہ پانی سے کافی حد تک محفوظ ہو تے ہیں اور ان کو پانی سے بچانے کے لئیے واٹر پروف کورمل سکتے ہیں۔ آپ اس بارے میں کوکلئیر امپلانٹ سنٹر سے بات کر سکتے ہیں۔

پروسیسر پہننا ۔ جیسے آپ تمام جاگتے وقت ہئیرنگ ایڈ پہنتے تھے ایسی ہی پروسیسر کو پہننا صرف نہاتے وقت اور سوتے وقت اتارنا۔

عام سوالات۔

کیا میں اَپریشن کے فورَ بعد سُن سکوں گا؟
نہیں - اِمپلانٹ ایک سے لیکر چار ہفتوں کے بعد اَن کیاجاتا ہے، تب تک زخم بھی ٹھیک ہو جاتا ہے۔

کیا یہ دماغ کا آپریشن ہے؟
نہیں ۔ امپلانٹ اندرونی کان میں لگایا جاتا ہے، دماغ میں نہیں۔

کیا میں اسکین کروا سکتا ہوں؟ MRI .
جی ہاں ۔ زیادہ تر جدید مپلانٹس کے لیے محفوظ ہوتے ہیں، لیکن آپ کو ہمیشہ ریڈیولجی ٹیم کو بتانا ہو کو گا۔

کیا عمر رسیدہ افراد امپلانٹ لے سکتے ہیں؟
جی ہاں ۔ 80 اور 90 سال کے افراد نے بھی کامیابی سے امپلانٹ لگوائے ہیں اور اچھا فائدہ حاصل کیا ہے۔

مزید معلومات کے لیے:

• British Cochlear Implant Group
www.bcig.org.uk

• Hear Together
www.heartogether.org.uk

• National Cochlear Implant Users Association
www.nciua.org.uk